© rasailojaraid.com



# انسانیت کی تکمیل
# صرف انبیاء کرام علیہم السلام کی سیرتوں سے ہی ہو سکتی ہے

مولانا سید سلیمان ندویؒ

دنیا کا یہ طلسمی کارخانہ رنگا رنگ عجائبات سے معمور ہے...... قسم قسم کی مخلوقات ہیں، ہر مخلوق کی علیحدہ علیحدہ صفتیں اور خاصیتیں ہیں...... جمادات سے لے کر انسان تک اگر نظر ڈالئے تو معلوم ہوگا کہ بتدریج اور آہستہ آہستہ ان میں احساس، ادراک اور ارادہ کی ترقی ہوتی جاتی ہے...... جمادات کی ابتدائی قسم مثلاً ذرات (ایٹمز) یا پتھر ہر قسم کے احساس، ادراک اور ارادہ سے خالی ہے۔ جمادات کے اور اقسام میں ایک طرح کی زندگی کا ہلکا سا نشان ملتا ہے۔ نباتات میں احساس کی ایک غیر ارادی کیفیت نشوونما کی صورت میں جلوہ گر معلوم ہوتی ہے۔ حیوانات میں احساس کے ساتھ ارادہ کی حرکت بھی ہے۔ انسان میں احساس، ادراک اور ارادہ پورے کمال کے ساتھ پایا جاتا ہے۔ یہی احساس ادراک اور ارادہ ہماری تمام ذمہ داریوں کا اصلی سبب ہے۔ مخلوق کی جس صنف میں جس حد تک یہ چیزیں کم ہیں اسی حد تک وہ ارادی فرائض کی ذمہ داریوں سے آزاد ہے۔ جمادات سرے سے ہر قسم کے فرائض سے محروم ہیں۔ نباتات میں زندگی اور موت کے کچھ فرائض پیدا ہو جاتے ہیں۔ حیوانات میں کچھ اور فرائض بڑھ جاتے ہیں۔ انسان کو دیکھئے تو وہ فرائض کی پابندیوں سے سراسر جکڑا ہوا ہے۔ پھر انسان کے مختلف افراد پر نظر ڈالئے تو مجنوں، پاگل، بے وقوف بچے، ایک طرف اور عاقل، بالغ، دانا، ہوشیار عالم دوسری طرف، اسی احساس، ادراک اور ارادہ کی کمی وبیشی کے لحاظ سے اپنے اپنے فرائض کچھ نہیں رکھتے یا کم رکھتے ہیں یا بہت زیادہ رکھتے ہیں۔

دوسری حیثیت سے دیکھئے کہ جس مخلوق میں احساس، ادراک اور ارادہ کی جتنی کمی ہے اتنی ہی فطرت اور قدرت الٰہی اس کی پرورش اور نشوونما کے فرائض کا بار خود اپنے اوپر اٹھائے ہوئے ہے اور جیسے جیسے مخلوقات آنکھیں کھولتی جاتی ہے۔ فطرت اس بار کو اس کے احساس وادراک وارادہ کے مطابق ہر صنف مخلوق پر ڈالتی جاتی ہے۔ پہاڑوں کے لعل وگہر کی پرورش کون کرتا ہے؟ سمندر کی مچھلیوں کو کون پالتا ہے؟ حیوانات کی بیماری اور گرمی سردی کی دیکھ بھال کون کرتا ہے؟ یہاں تک کہ سردیا گرم

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

مقامات کے رہنے والے حیوانوں اور پہاڑی، جنگلی اور صحرائی جانوروں میں بھی باوجود ایک ہی قسم کے نوع حیوان ہونے کے آب وہوا کی مختلف ضروریات کی بناء پر آپ ان کی ظاہری حالتوں میں صریح فرق پائیں گے۔ یورپ کے کتے اور افریقہ کے کتے کی ضرورتوں میں موسم اور آب وہوا کے اختلاف کے سبب سے جو اختلاف ہے اس کا سامان بھی فطرت خود اپنی طرف سے کرتی ہے اور اسی لئے مختلف آب وہوا اور موسم کے ملکوں کے جانور میں پنجہ، بال، روئیں، کھال کے رنگ اور چیزوں میں سخت اختلاف پائے جاتے ہیں۔ یہ تو حصول منفعت کی صورتیں اور شکلیں تھیں، جن سے آپ کو یہ معلوم ہوگا کہ جہاں جس حد تک احساس، ادراک اور ارادہ کی کمی ہے۔ فطرت اور قدرت خود اس کمی کی کفالت کرلیتی ہے اور جیسے جیسے مخلوقات الٰہی درجہ بدرجہ بلوغ کے مرتبہ کو پہنچ جاتی ہے۔ فطرت منافع کی صورتیں خود ان کے قویٰ کے سپرد کرکے علیحدہ ہوتی جاتی ہے۔ انسان کو اپنی روزی کا سامان آپ کرنا پڑتا ہے۔ وہ کاشت کاری اور درختوں کے لگانے اور میووں کے پیدا کرنے کی محنت اٹھاتا ہے۔ سردی گرمی سے بچنے کے لئے اس کو فطری کھال، روئیں اور اون نہیں دیئے گئے۔ اس کا سامان مختلف لباسوں کی شکل میں اس کو خود کرنا ہوتا ہے۔ بیماریوں اور زخموں کو دور کرنے کے لئے اس کو خود کوشش کرنی پڑتی ہے۔

دوسری طرف دیکھئے کہ جہاں جس حد تک احساس اور ارادہ کا ضعف ہے، دشمنوں سے بچاؤ اور زندگی کی حفاظت کا سامان فطرت نے خود اپنے ذمہ لے لیا ہے۔ مختلف جانوروں کو ان کی حفاظت کے لئے مختلف ذریعے دیئے گئے ہیں۔ کسی کو تیز پنجے، کسی کو نکیلے دانت، کسی کو سینگ، کسی کو اڑنا، کسی کو تیرنا، کسی کو تیز دوڑنے کی قوت، کسی کو ڈنک، کسی کو دانتوں کا زہر۔ غرض مختلف آلات واسلحہ سے خود فطرت نے ان کو مسلح کردیا ہے۔ مگر غریب انسان کو دیکھو کہ اس کے پاس اپنے بچاؤ کے لئے نہ ہاتھی کے بڑے بڑے دانت اور سونڈ ہیں۔ نہ شیروں کے نکیلے دانت اور پنجے ہیں۔ نہ بیلوں کے سینگ ہیں اور نہ کتوں اور سانپوں کا زہر، نہ بچھوؤں اور بھڑوں کے ڈنک۔ غرض ظاہری حیثیت سے وہ ہر طرح نہتہ اور غیر مسلح بنادیا گیا۔ مگر ان سب کی جگہ اس کو احساس، ادراک، عقل اور ارادہ کی زبردست قوتیں دے گئی ہیں، اور یہی معنوی قوتیں اس کی ہر قسم کی ظاہری کمزوریوں کی تلافی کرتی ہیں۔ وہ اپنی ان معنوی قوتوں سے بڑے بڑے دانتوں اور سونڈوں والے ہاتھیوں کو زیر کرلیتا ہے تیز پنجے اور بڑے بڑے جبڑے والے شیروں کو چیرڈالتا ہے۔ خوفناک زہریلے سانپوں کو پکڑ لیتا ہے۔ ہوا کے پرندوں کی گرفتاری کرلیتا ہے۔ پانی کے جانوروں کو پھنسالیتا ہے۔ اور اپنے بچاؤ کے لئے سینکڑوں قسم کے ہتھیار، اسلحہ اور سامان پیدا کرتا رہتا ہے۔

دوستو! تم خواہ کسی مذہب اور کسی فلسفہ کے معتقد ہو تم کو یہ تسلیم کرنا ہوگا کہ تمہاری انسانی ذمہ داریوں کا اصلی سبب تمہارے احساس، ادراک اور ارادے کی قوتیں ہیں۔ اسلام میں ان ذمہ داریوں کا شرعی نام ''تکلیف'' ہے۔ یہ تکلیف خود تمہارے اندرونی اور بیرونی قویٰ کے مطابق تم پر عائد ہے۔ اسلام کا خدا یہ اصول بتاتا ہے:

﴿لَا یُکَلِّفُ اللّٰہُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَھَا﴾ (بقرہ:۲۸۶)...... ''خدا کسی نفس کو ''تکلیف'' نہیں دیتا۔ لیکن اس کی وسعت

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

کے مطابق۔

یہی "تکلیف" کی ذمہ داری اور فرض ہے جو دوسری جگہ "امانت" کے لفظ سے قرآن میں ادا ہوا ہے۔ یہ امانت کا بار جمادات، نباتات، حیوانات، بلکہ بڑے بڑے پہاڑوں اور اونچے آسمانوں کے سامنے پیش کیا گیا لیکن ان میں سے کوئی اس کو اٹھا نہ سکا۔

اِنَّا عَرَضْنَا الْاَمَانَةَ عَلَى السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَالْجِبَالِ فَاَبَيْنَ اَنْ يَّحْمِلْنَهَا وَاَشْفَقْنَ مِنْهَا وَحَمَلَهَا الْاِنْسَانُ اِنَّهٗ كَانَ ظَلُوْمًا جَهُوْلًا ○ (احزاب: ۷۲)...... "ہم نے آسمانوں اور زمین اور پہاڑوں پر اس امانت کو پیش کیا ہے تو انہوں نے (فطری عدم صلاحیت کی بنا پر زبان حال سے) اس کو اٹھانے سے انکار کیا اور اس سے ڈرے پھر انسان نے اس کو اٹھا لیا۔ بے شک وہ ظالم اور نادان تھا۔"

آسمان بار امانت نتوانست کشید    قرعه فال بنام من دیوانه زدند

ظالم و نادان دیوانہ عشق کی دوسری تعبیر ہے۔ ظالم یعنی اپنی حد سے آگے بڑھ جانے والا۔ یہ صفت انسان کی عملی قوت کی بے اعتدالی کا اور "جاہل و نادان" ہونا اس کی عقلی و ذہنی قوت کی بے اعتدالی کا نام ہے۔ "ظلم، ظالم" کا مقابل "عادل" اور "جاہل، جہل" کا مقابل "عالم" ہے۔ عدل اور علم جو بالفعل انسان کو حاصل نہیں ان کو حاصل کرنے کے لئے اس کی عملی قوت میں عدل یعنی میانہ روی اور اعتدال اور ذہنی قوت میں "علم" اور معرفت کی ضرورت ہے، قرآن مجید کی اصطلاح میں عدل کا دوسرا نام "عمل صالح" اور علم کا دوسرا نام "ایمان" ہے۔

﴿وَالْعَصْرِ ○ اِنَّ الْاِنْسَانَ لَفِيْ خُسْرٍ ○ اِلَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ﴾. (العصر: ۱-۳)...... "زمانہ کی قسم! بیشک انسان گھاٹے میں ہے۔ لیکن وہ لوگ جو ایمان لائے اور نیک کام کئے۔"

یہ نقصان اور گھاٹا، وہی ظلم عملی اور جہل علمی ہے اور اس کا علاج "ایمان" یعنی علم صحیح اور "عدل" یعنی عمل صالح ہے۔ اس واقعہ کی شہادت میں کہ انسانیت اس وقت تک گھاٹے اور ٹوٹے میں ہے، جب تک اس کو ایمان اور عمل صالح کی توفیق نہ ملے اللہ تعالیٰ نے زمانہ کو پیش کیا ہے۔ زمانہ سے مقصود وہ واقعات، حوادث اور آثار ہیں جو زمانہ کے آغاز سے آج تک دنیا میں ظہور پذیر ہوئے ہیں۔ کارلائل کے مشہور فقرہ کے مطابق کہ "تاریخ صرف بڑے لوگوں کی سوانح عمریوں کے سلسلہ کا نام ہے"۔ زمانہ کی تاریخ خود اس بات پر گواہ ہے کہ دنیا میں وہ تمام قومیں اور قوموں کے وہ تمام افراد ہمیشہ گھاٹے اور ٹوٹے میں رہے ہیں اور برباد و ہلاک ہوئے ہیں جو ایمان اور عمل صالح سے محروم تھے۔

دنیا کے تمام آسمانی صحیفے، تمام مذہبی کتابیں، تمام اخلاقی قصے اور انسانوں کے بننے اور بگڑنے کی تمام حکایتیں، ظلم و جہل اور ایمان و عمل صالح کی دو رنگیوں سے معمور ہیں۔ ایک طرف ظلم، جہل، شر، تاریکی، دوسری طرف عدل، عمل صالح، خیر اور نور

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

کی حکایتیں وداستانیں اور تاریخیں ہیں، اور جن افراد نے ان انسانی ذمہ داریوں کو قبول کیا، ان کی تعریف اور جنہوں نے ان سے انکار کیا ان کی برائی کے بیانات ہیں۔ یونانی الیڈ، رومی پیرلل لاوز، ایرانی شاہنامہ، ہندی مہابھارت اور رمائن اور گیتا کیا ہیں؟ ہر قوم کے سامنے اس کے بڑے بڑے اشخاص اور اکابر رجال کی زندگیوں سے علم وجہل، ظلم وعدل، خیر وشر اور ایمان وکفر کی معرکہ آرائیوں کی عبرت آموز مثالیں ہیں۔ تا کہ ہر قوم ظلم، شر اور کفر کے برے نتیجوں سے بچ کر عدل، خیر اور ایمان کی مثالوں سے فائدہ اٹھائے۔

تورات، انجیل، زبور اور قرآن پاک کے بیشتر مضامین کیا ہیں؟ ظالم، شریر اور کافر قوموں اور افراد کی تباہی اور عادل، نیک اور مؤمن قوموں اور افراد کی سعادت اور فلاح وکامیابی کی نظیریں، تا کہ ان کو سن کر ظالم عادل بنیں، شریر نیک ہوں اور کافر مؤمن بن جائیں، اسی لئے خاتم النبیین علیہ السلام سے پہلے ہر زمانے میں اور ہر ملک میں خدا تعالیٰ کے پیغمبر اور فرستادے آئے کہ وہ اپنی اپنی قوموں کے سامنے اپنی زندگی نمونہ کے طور پر پیش کریں۔ تا کہ ان کی پوری قوم یا اس کے نیک افراد فلاح اور کامیابی حاصل کریں اور آخر میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو "رحمت عالم" بنا کر بھیجا گیا تا کہ وہ تمام عالم کے لئے دنیا میں اپنی زندگی کا نمونہ ہمیشہ کے لئے چھوڑ جائیں۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی زبان مبارک سے قرآن مجید نے یہ اعلان کیا:

﴿فَقَدْ لَبِثْتُ فِيكُمْ عُمُرًا مِّنْ قَبْلِهِ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ۝﴾ (یونس:١٦)...... "تو (اے قریشیو!) میں اس (دعوائے نبوت) سے پہلے تمہارے درمیان ایک عمر رہا ہوں کیا تم نہیں سمجھتے۔" اس آیت پاک میں درحقیقت وحی الٰہی نے خود اپنے پیغمبر کی سوانح عمری اور سیرت کو اس کی نبوت کے ثبوت میں پیش کیا ہے۔

بہر حال تاریخ کی دنیا میں ہزاروں لاکھوں اشخاص نمایاں ہیں، جنہوں نے آنے والوں کے لئے اپنی اپنی زندگیاں نمونہ کے طور پر پیش کی ہیں۔ ایک طرف شاہان عالم کے باشان وشکوہ دربار ہیں۔ ایک طرف سپہ سالاروں کے جنگی پرے ہیں، ایک طرف حکماء اور فلاسفروں کا متین گروہ ہے۔ ایک طرف فاتحین عالم کی پر جلال صفیں ہیں۔ ایک طرف شعراء کی بزم رنگیں ہے۔ ایک طرف دولت مندوں اور خزانوں کے مالکوں کی نرم گدیاں اور کھنکھناتی تجوریاں ہیں۔ ان میں سے ہر ایک کی زندگی آدم کے بیٹوں کو اپنی اپنی طرف ہی کھینچتی ہے۔ کارتھیج کا ہنی بال، مقدونیہ کا سکندر، روم کا سیزر، ایران کا دارا، یورپ کا نپولین، ہر ایک کی زندگی کشش رکھتی ہے۔ سقراط، افلاطون، ارسطو، دیوجانس اور یونان کے دوسرے مشہور فلسفیوں سے لے کر اسپنسر تک تمام حکماء، اور فلاسفروں کی زندگیوں میں ایک خاص رنگ نمایاں ہے۔ نمرود وفرعون اور ابوجہل وابولہب کی دوسری شخصیتیں ہیں۔ قارون کی ایک الگ زندگی ہے۔

غرض دنیا کے اسٹیج پر ہزاروں قسم کی زندگیوں کے نمونے ہیں، جو "بنی آدم" کی عملی زندگی کے سامنے ہیں، لیکن بتاؤ کہ ان

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

مختلف اوصاف انسانی میں سے کسی کی زندگی نوع انسانی کی سعادت، فلاح اور ہدایت کی ضامن اور کفیل اور اس کے لئے قابل تقلید نمونہ ہیں۔

ان لوگوں میں بڑے بڑے فاتح اور سپہ سالار ہیں جنہوں نے اپنی تلوار کی نوک سے دنیا کے طبقے الٹ دیئے ہیں۔لیکن کیا انسانیت کی فلاح وہدایت کے لئے انہوں نے کوئی نمونہ چھوڑا؟ کیا ان کی تلوار کی کاٹ میدان جنگ سے آگے بڑھ کر انسانی اوہام وخیالات فاسدہ کی بیڑیوں کو بھی کاٹ سکی؟ انسانوں کے باہمی برادرانہ تعلقات کی گتھی بھی سلجھا سکی؟ ہمارے دلوں کی ناپاکی اور زنگ کو مٹا سکی؟ ہمارے اخلاق اور اعمال کا کوئی نقشہ بنا سکی؟

دنیا میں بڑے بڑے شاعر بھی پیدا ہوئے۔لیکن خیالی دنیا کے یہ شہنشاہ عملی دنیا میں بالکل بیکار ثابت ہوئے۔اسی لئے افلاطون کے مشہور نظام حکومت میں ان کے لئے کوئی جگہ نہیں رکھی گئی۔ہومر سے لے کر آج تک فوری جوش وہنگامہ کی پیدائش اور خیالی لذت والم کی افزائش کے سوا نسل انسانی کو اس کی زندگی کے مشکلات دور کرنے کے لئے یہ لوگ کوئی صحیح مشورہ نہ دے سکے۔کیونکہ ان کی شیریں زبانیوں کے پیچھے ان کے حسن عمل کا کوئی خوش نما نمونہ نہ تھا۔اسی لئے قرآن پاک نے کہا:

﴿ وَالشُّعَرَآءُ يَتَّبِعُهُمُ الْغَاوٗنَ ○ اَلَمْ تَرَ اَنَّهُمْ فِیْ كُلِّ وَادٍ یَّهِیْمُوْنَ ○ وَاَنَّهُمْ یَقُوْلُوْنَ مَالَا یَفْعَلُوْنَ ○ اِلَّا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ. ﴾ (الشعراء:۲۲۴-۲۲۶)......"اور شاعر، ان کی پیروی بہکے ہوئے لوگ کرتے ہیں۔کیا تو نہیں دیکھتا کہ وہ ہر وادی میں بھٹکتے رہتے ہیں اور جو کہتے ہیں اس کو کرتے نہیں، لیکن وہ لوگ جو ایمان لائے اور نیک کام کیے۔"

قرآن پاک نے ان کی شیریں زبانی کے بے اثر ہونے کا فلسفہ بھی بتادیا کہ وہ خیالات کی وادیوں میں بھٹکتے رہتے ہیں اور ایمان وعمل صالح کے جوہر سے خالی ہوتے ہیں۔لیکن اگر وہ اس دولت سے مالا مال ہوں تو کچھ نہ کچھ ان کی باتوں میں ضرور اثر ہوگا۔تاہم وہ اصلاح وہدایت کے عظیم الشان فریضہ کو ادا نہیں کر سکتے۔دنیا کی تاریخ خود اس واقعہ پر گواہ ہے۔

حکماء اور فلاسفر جنہوں نے بارہا اپنی عقل رسا سے نظام عالم کے نقشے بدل دیئے ہیں جنہوں نے عجائبات عالم کی طلسم کشائی کے حیرت انگیز نظریے پیش کیے ہیں۔وہ بھی انسانیت کے نظام ہدایت کا کوئی عملی نقشہ پیش نہ کر سکے۔اور نہ فرائض انسانی کی طلسم کشائی میں کوئی عملی امداد دے سکے کہ ان کی دقیق نکتہ سنجیوں اور بلند خیالیوں کے پیچھے بھی حسن عمل کا کوئی نمونہ نہ تھا۔

ارسطو نے فلسفہ اخلاق کی بنیاد ڈالی۔ہر یونیورسٹی میں اس کے اتھکس پر بہترین لیکچر دیئے جاتے ہیں اور اخلاقی مسائل میں اس کی نکتہ آفرینیوں کی داد دی جاتی ہے۔لیکن سچ بتاؤ اس کو پڑھ کر یا سن کر نوع انسانی کے کتنے افراد راہ راست پر آئے۔


© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

آج دنیا کی ہر یونیورسٹی میں اتھکس کے بڑے بڑے لائق پروفیسر اور اساتذہ موجود ہیں۔ مگر ان کے علم اخلاق کے فلسفیانہ رموز اور اسرار کا دائرہ اثر ان درسگاہوں کی چار دیواریوں سے کبھی آگے بڑھ سکا؟ یا بڑھ سکتا ہے؟ اس لئے کہ جب ان کمروں سے نکل کر وہ باہر میدان میں آتے ہیں تو ان کی عملی زندگی عام افراد انسانی سے ایک انچ بھی بلند نہیں ہوتی اور انسان کانوں سے نہیں آنکھ سے بنتا ہے۔

دنیا کے اسٹیج پر بڑے بڑے بادشاہ اور حکمران بھی رونما ہوئے ہیں، جنہوں نے کبھی کبھی چار دانگ عالم پر حکومت کی ہے۔ قوموں کی جان و مال پر قابض ہوئے ہیں۔ ایک ملک کو اجاڑا اور دوسرے کو بسایا ہے۔ ایک قوم کو گھٹایا اور دوسری کو بڑھایا ہے۔ ایک سے چھینا اور دوسرے کو دیا ہے۔ مگر ان کا عام نقشہ وہی رہا جس کو قرآن پاک نے ایک آیت میں ملکہ سبا کی زبان سے ادا کیا ہے:

﴿اِنَّ الْمُلُوْکَ اِذَا دَخَلُوْا قَرْیَةً اَفْسَدُوْهَا وَ جَعَلُوْٓا اَعِزَّةَ اَهْلِهَآ اَذِلَّةً﴾ (نمل آیت:۳۴)...... ''بیشک بادشاہ جب کسی آبادی میں داخل ہوتے ہیں تو اس کو بگاڑ دیتے ہیں اور وہاں کے معزز باشندوں کو ذلیل کر دیتے ہیں۔''

ان کی تلواروں کی دھاک نے آبادیوں اور مجمعوں کے مجرموں کو روپوش کر دیا۔ لیکن تنہائیوں اور خلوت خانوں کے روپوش مجرموں کو وہ باز نہ رکھ سکے۔ انہوں نے بازاروں اور راستوں میں امن و امان قائم کیا۔ لیکن دلوں کی بستی میں وہ امن و امان قائم نہ رکھ سکے۔ انہوں نے ملک کا نظم و نسق درست کیا۔ لیکن روحوں کی مملکت کا نظم و نسق ان سے درست نہ ہو سکا۔ بلکہ ہر قسم کی روحانی بربادی انہی کے درباروں سے نکل کر ہر جگہ پھیلتی رہی۔ کیا سکندر اور سیزر جیسے بڑے بڑے بادشاہ بھی ہمارے لئے کچھ چھوڑ گئے؟

بڑے بڑے مقنن سولن سے لے کر اس وقت تک پیدا ہوئے ہیں۔ لیکن ان کے قانون کی عمر نے بقا کی دولت نہ پائی اور اس کے ماننے والوں کو دل کی صفائی کا راز نہ ملا۔ دوسرے دور کے حاکموں اور عدالتوں نے خود اس کو حرف غلط سمجھ کر مٹا دیا اور اپنی مرضی اور اپنی مصلحتوں کے مطابق، نہ کہ انسانوں کی اصطلاح کی خاطر اس کی جگہ دوسرا قانون بنا لیا اور آج بھی یہی حالت قائم ہے۔ آج اس مہذب دور حکومت میں بھی یہی صورت قائم ہے کہ آئین ساز مجلسیں بنائیں گئی ہیں جو اپنے ہر اجلاس میں آج جو بناتی ہیں کل اس کو مٹاتی ہیں اور یہ سب کچھ انسانوں کی خاطر نہیں، بلکہ حکومتوں کی خاطر ہوتا رہتا ہے۔

عزیز دوستو! تم نے صنف انسانی کے بلند پایہ طبقوں میں سے جن سے انسانوں کی بھلائی اور سدھار کی توقعات ہو سکتی ہے۔ ہر ایک کا جائزہ لے لیا۔ غور سے دیکھو! اس وقت دنیا میں جہاں کہیں بھی نیکی کی روشنی اور اچھائی کا نور ہے۔ جہاں کہیں بھی خلوص اور دل کی صفائی کا اجالا ہے، کیا وہ صرف ان ہی بزرگوں کی تعلیم اور ہدایت کا نتیجہ نہیں ہے؟ جن کو تم انبیاء کرام کے نام سے جانتے ہو؟ پہاڑوں کے غار، جنگلوں کے جھنڈ، شہروں کی آبادیاں، غرض جہاں بھی رحم، انصاف، غریبوں کی


© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

مدد، یتیموں کی پرورش اور نیکیوں کا سراغ ملتا ہے وہ اسی برگزیدہ جماعت کے کسی نہ کسی فرد کی دعوت اور پکار کا دائمی اثر ہے۔ قرآن مجید کی تعلیم کے مطابق:

﴿اِنْ مِّنْ اُمَّةٍ اِلَّا خَلَا فِيْهَا نَذِيْرٌ﴾۔ (فاطر:۲۴)...... ''کوئی قوم نہیں جس میں (کوئی انسانوں کو) ہوشیار کرنے والا نہ گزرا۔'' ﴿وَلِكُلِّ قَوْمٍ هَادٍ﴾. (رعد)...... ''اور ہر قوم کے لئے ایک رہنما ہے۔''

آج ہر قوم اور ہر ملک میں ان ہی کی برکتوں کا اجالا نظر آتا ہے اور ہر طرف ان ہی کی پکاروں کی آواز بازگشت سنائی دیتی ہے۔ افریقہ کے وحشی ہوں یا یورپ کے مہذب، سب کے دلوں کی صفائی ان ہی کے سرچشموں سے ہوتی ہے اور ہو رہی ہے اوپر جتنے بلند پایہ اور عالی مرتبہ انسانی طبقوں کے نام آئے ہیں، ان میں سب سے بلند اور سب سے اعلیٰ وہ طبقہ ہے جو بادشاہوں کی طرح جسموں پر نہیں بلکہ دلوں پر حکومت کرتا ہے۔ اس کی حکمرانی کی زمین، دنیا کی مملکت نہیں بلکہ دلوں کی مملکت ہے جو گو سپہ سالاروں کی طرح تیغ بکف نہیں، تاہم وہ گناہوں کے پردے اور آلودگیوں کی صفیں دم کے دم میں الٹ دیتا ہے۔ وہ گو خیالی شاعر نہیں، لیکن اس کی شیریں، بیانیوں کے ذائقہ سے اب تک انسانوں کے کان ودہن لطف اٹھا رہے ہیں۔ وہ گو ظاہری طور پر قانون ساز اور مجلسوں کے سینیٹر نہ تھے۔ لیکن صدہا اور ہزارہا سال گزر جانے کے بعد بھی ان کا قانون اسی طرح زندہ ہے، جو خود حاکموں اور عدالتوں پر حکمراں ہے اور بلا تفریق شاہ وگدا اور بادشاہ ورعایا سب پر یکساں جاری ہے۔

یہاں مذہب اور اعتقاد کا سوال نہیں، بلکہ عملی تاریخ کا سوال ہے کہ آیا یہ واقعہ ہے یا نہیں؟ پاٹلی پتر کے راجہ اشوکا کے احکام صرف پتھر کی لاٹوں پر کندہ ہیں، مگر بدھ کا حکم دلوں کی تختیوں پر منقوش ہے۔ اجین، ہستناپور، (دہلی) اور قنوج کے راجاؤں کے احکام مٹ چکے ہیں۔ لیکن منوجی کا دھرم شاستر اب تک نافذ اور جاری ہے۔ بابل کے سب سے پہلے قانون ساز بادشاہ حمورابی کے قانونی دفعات مدت ہوئی کہ مٹی کے ڈھیر میں دفن ہو گئے۔ مگر حضرت ابراہیم علیہ السلام کی تعلیم آج بھی موجود ہے۔ فرعون کی ندائے انا ربکم الاعلیٰ کتنے دن قائم رہی؟ مگر حضرت موسیٰ علیہ السلام کے اعجاز کا آج بھی زمانہ معترف ہے۔ سولن کے بنائے ہوئے قانون کتنے دن چل سکے؟ مگر تورات کا آسمانی قانون آج بھی انسانوں میں عدل کی ترازو ہے۔ وہ رومن لاء جس نے حضرت عیسیٰ مسیح علیہ السلام کو عدالت میں گناہگار ٹھہرایا تھا۔ صدیاں گزریں کہ معدوم ہو چکا۔ مگر حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی تعلیم وہدایت آج بھی گناہ گاروں کو نیک اور مجرموں کو پاک بنانے میں اسی طرح مصروف ہے۔ مکہ کے ابوجہل، ایران کے کسریٰ اور روم کے قیصر کی حکومتیں مٹ گئیں۔ مگر شہنشاہ مدینہ صلی اللہ علیہ وسلم کی فرمانروائی بدستور قائم اور مسلم ہے۔

دوستو! میرے گزشتہ بیانات نے اگر تمہارے دلوں میں تشفی کا کوئی اثر پیدا کیا ہے، تو صرف اپنے عقیدے سے نہیں بلکہ


© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

عقلی استدلال اور دنیا کی عملی تاریخ سے تمہارے دلوں میں یہ یقین پیدا ہوگیا ہوگا کہ بنی نوع انسان کی حقیقی بھلائی، اعمال کی نیکی، اخلاق کی بہتری، دلوں کی صفائی اور انسانی قویٰ میں اعتدال اور میانہ روی پیدا کرنے کی کامیاب کوششیں اگر کسی طبقہ انسانی نے انجام دی ہیں تو وہ صرف انبیائے کرام کا طبقہ ہے جو خدا کے فرستادہ ہو کر اس دنیا میں آئے اور دنیا کو نیک تعلیم اور ہدایت دے کر اپنے بعد بھی لوگوں کے لئے چلنے کا ایک راستہ بنا کر چھوڑ گئے جن کی تعلیم و عمل کے سرچشمہ سے بادشاہ و رعایا، امیر و غریب، جاہل اور عالم سب برابر کا فیض پا رہے ہیں:۔

﴿وَتِلْکَ حُجَّتُنَآ اٰتَیْنٰهَآ اِبْرٰهِیْمَ عَلٰی قَوْمِهٖ نَرْفَعُ دَرَجٰتٍ مَّنْ نَّشَآءُ اِنَّ رَبَّکَ حَکِیْمٌ عَلِیْمٌ ٥ وَوَهَبْنَا لَهٗٓ اِسْحٰقَ وَیَعْقُوْبَ کُلًّا هَدَیْنَا وَنُوْحًا هَدَیْنَا مِنْ قَبْلُ وَمِنْ ذُرِّیَّتِهٖ دَاوٗدَ وَسُلَیْمٰنَ وَاَیُّوْبَ وَیُوْسُفَ وَمُوْسٰی وَهٰرُوْنَ وَکَذٰلِکَ نَجْزِی الْمُحْسِنِیْنَ ٥ وَزَکَرِیَّا وَیَحْیٰی وَعِیْسٰی وَاِلْیَاسَ کُلٌّ مِّنَ الصّٰلِحِیْنَ ٥ وَاِسْمٰعِیْلَ وَالْیَسَعَ وَیُوْنُسَ وَلُوْطًا وَکُلًّا فَضَّلْنَا عَلَی الْعٰلَمِیْنَ ٥ وَمِنْ اٰبَآئِهِمْ وَذُرِّیّٰتِهِمْ وَاِخْوَانِهِمْ وَاجْتَبَیْنٰهُمْ وَهَدَیْنٰهُمْ اِلٰی صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ ٥ ذٰلِکَ هُدَی اللّٰهِ یَهْدِیْ بِهٖ مَنْ یَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ وَلَوْ اَشْرَکُوْا لَحَبِطَ عَنْهُمْ مَّا کَانُوْا یَعْمَلُوْنَ ٥ اُولٰٓئِکَ الَّذِیْنَ اٰتَیْنٰهُمُ الْکِتٰبَ وَالْحُکْمَ وَالنُّبُوَّةَ فَاِنْ یَّکْفُرْ بِهَا هٰٓؤُلَآءِ فَقَدْ وَکَّلْنَا بِهَا قَوْمًا لَّیْسُوْا بِهَا بِکٰفِرِیْنَ ٥ اُولٰٓئِکَ الَّذِیْنَ هَدَی اللّٰهُ فَبِهُدٰىهُمُ اقْتَدِهْ.﴾ (الانعام:۸۳-۹۰)...... ''اور ہم نے ابراہیم علیہ السلام کو اس کی قوم پر (اپنی حجت پیش کرنے کے لئے) یہ دلیل عنایت کی ہم جس کو چاہتے ہیں بدرجہا بلند کر دیتے ہیں، بیشک تیرا پروردگار حکمت والا علم والا ہے اور ہم نے ان (ابراہیم علیہ السلام) کو اسحاقؑ اور یعقوبؑ عطا کئے۔ ہر ایک کو (ان میں سے) ہدایت بخشی اور ہم نے (ابراہیمؑ) سے پہلے نوح کو ہدایت دی اور ان (ابراہیمؑ) کی نسل سے داؤد اور سلیمان اور ایوب اور یوسف اور موسیٰ اور ہارون کو (ہدایت دی) اور ہم نیکوکاروں کو ایسا ہی بدلہ دیتے ہیں اور زکریا اور یحییٰؑ اور عیسیٰؑ اور الیاسؑ کو (ہدایت دی) ہر ایک (ان میں کا) صالح لوگوں میں تھا اور اسماعیلؑ اور الیسعؑ اور یونسؑ اور لوطؑ کو (ہدایت دی) اور ان میں سے ہر ایک کو دنیا (میں اس کے زمانہ کے لوگوں) پر فضیلت بخشی اور ان کے ان کی اولادوں اور ان کے بھائیوں میں سے ان کو چنا اور ان کو سیدھے راستہ کی طرف ہدایت کی، یہی خدا کی ہدایت ہے، اپنے بندوں میں جس کو چاہتا ہے اسے ہدایت دیتا ہے۔ اگر وہ شرک کرتے تو ان کے سارے کام برباد ہو جاتے۔ یہی وہ لوگ ہیں جن کو ہم نے کتاب، قوت فیصلہ اور پیغمبری عنایت کی، تو اگر یہ لوگ (جو ان کے نام لیوا آج موجود ہیں) ان نعمتوں کی ناشکری کریں تو ہم نے ان نعمتوں کو ایسے لوگوں (یعنی مسلمانوں کے سپرد کر دیا جو ان کی ناقدری نہیں کرتے۔ یہی لوگ ہیں جن کو اللہ نے ہدایت دی تو تو بھی انہی کو ہدایت کی پیروی کر۔''

ان پاک آیتوں میں انسانوں کی ہدایت اور راہنمائی کے لئے اصناف انسانی میں سے ایک خاص طبقہ کے بیشتر افراد کے نام بتائے گئے ہیں جن کی پیروی اور تقلید ہماری روحانی بیماریوں کا علاج اور اخلاقی کمزوریوں کا درماں ہے۔ یہی وہ مقدس



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

گروہ ہے جو خدا تعالیٰ کی بسائی تمام آبادیوں میں پھیلا اور مختلف زمانوں میں اپنی تعلیم وہدایت کا چراغ روشن کرتا رہا۔ آج انسان کے سرمایہ میں فلاح، سعادت اخلاق، نیک اعمال اور بہترین زندگیوں کے جو کچھ اثرات ونتائج ہیں، وہ سب ان ہی بزرگوں کے فیوض وبرکات ہیں، وہ جگہ جگہ اپنے نقش قدم چھوڑ گئے اور دنیا کم وبیش انہی پر چل کر اپنی کوششوں کی کامیابی کو ڈھونڈ رہی ہے۔

نوح علیہ السلام کا جوش تبلیغ، ابراہیم علیہ السلام کا ولولہ توحید، اسحاق علیہ السلام کی وراثت پدری، اسماعیل علیہ السلام کا ایثار، موسیٰ علیہ السلام کی سعی وکوشش، ہارون علیہ السلام کی رفاقت حق، یعقوب علیہ السلام کی تسلیم، داؤد علیہ السلام کا غربت حق پر ماتم، سلیمان علیہ السلام کا سرور حکمت، زکریا علیہ السلام کی عبادت، یحییٰ علیہ السلام کی عفت، عیسیٰ علیہ السلام کا زہد، یونس علیہ السلام کا اعتراف قصور، لوط علیہ السلام کی جانفشانی، ایوب علیہ السلام کا صبر، یہی وہ حقیقی نقش ونگار ہیں جن سے ہماری روحانی اور اخلاقی دنیا کا ایوان آراستہ ہے اور جہاں کہیں ان صفات عالیہ کا وجود ہے وہ انہی بزرگوں کی مثالوں اور نمونوں کا عکس ہے۔

انسانوں کی عمدہ معاشرت، صحیح تمدن اور اعلیٰ مسرت کی تکمیل اور کائنات کے اندر اس کو اشرف المخلوقات کا مرتبہ حاصل کرانے میں یقیناً تمام کارکن طبقات انسانی کا حصہ ہے، سائنسدانوں نے ستاروں کی چالیں بتائیں۔ حکماء نے چیزوں کے خواص ظاہر کیے۔ طبیبوں نے بیماریوں کے نسخے ترتیب دیئے۔ مہندسوں نے عمارتوں کا فن نکالا۔ صناعوں نے ہنر اور فن پیدا کیے۔ ان سب کی کوششوں سے مل کر یہ دنیا تکمیل کو پہنچی۔ اس لئے ہم ان سب کے شکر گزار ہیں۔ مگر سب سے زیادہ ممنون ہم ان بزرگوں کے ہیں جنہوں نے ہماری اندرونی دنیا کو آباد کیا۔ جنہوں نے ہماری حرص وہویٰ کی اندرونی چالیں درست کیں۔ ہماری روحانی بیماریوں کے نسخے ترتیب دیئے۔ ہمارے جذبات، ہمارے احساسات اور ہمارے ارادوں کے نقشے درست کیے۔ ہمارے نفوس وقلوب کے عروج وتنزل کا فن ترتیب دیا۔ جس سے دنیا کے صحیح تمدن اور صحیح معاشرت کی تکمیل ہوئی، اخلاق وسیرت انسانیت کا جوہر قرار پایا۔ نیکی اور بھلائی ایوان عمل کے نقش ونگار ٹھہرے۔ خدا وبندہ کا رشتہ باہم مضبوط ہوا اور روز ''الست'' کا بھولا ہوا وعدہ ہم کو یاد آیا۔ اگر ہم انسانی سرشت کے ان رموز واسرار اور نیکی وسعادت کی ان پیغمبرانہ تعلیمات سے ناواقف ہوتے تو کیا یہ دنیا کبھی تکمیل کو پہنچ سکتی، اس لئے ان برگزیدہ اور پاک طبقہ انسانی کے احسانات ہم انسانوں پر سب سے زیادہ ہیں اور اس لئے ہر فرد انسانی پر خواہ وہ کسی صنف سے تعلق رکھتا ہو، ان کی شکر گزاری کا اظہار واجب ہے۔ اسی کا نام اسلام کی زبان میں صلوٰۃ وسلام ہے، جو ہمیشہ ہی انبیائے کرام کے نام نامی کے ساتھ ساتھ ہم ادا کرتے ہیں۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلَیْھِمْ وَسَلِّمْ.

حضرات! یہ نفوس قدسیہ اپنے اپنے وقت پر آئے اور گزر گئے۔ اس عالم فانی کی کوئی چیز ابدی نہیں۔ ان کی زندگیاں خواہ

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

کتنی ہی مقدس اور معصوم ہوں تاہم وہ دوام و بقاء کی دولت سے سرفراز نہ تھیں۔ اس لئے آئندہ آنے والے انسانوں کے لئے جو چیز رہبر ہوسکتی ہے، وہ ان کی زندگیوں کی تحریری اور روایتی عکس اور تصویریں ہیں۔ ہمارے پاس اس کے سوا اس سرمایہ سعادت کی حفاظت کا کوئی اور طریقہ نہیں۔

دنیا میں پچھلے عہد کے علوم، فنون، خیالات، تحقیقات، واقعات اور حالات کے جاننے کا اس کے علاوہ کوئی ذریعہ نہیں۔ انسانی زندگیوں کے انہی تحریری اور روایتی عکسوں اور تصویروں کا نام تاریخ اور سیرت ہے۔ ہماری زندگی کے دوسرے پہلوؤں میں ممکن ہے کہ ہر سانحہ زندگی میں کوئی نہ کوئی عبرت و بصیرت ہو لیکن ہماری اخلاقی اور روحانی زندگی کی تکمیل و تزکیہ کے لئے صرف انبیائے کرام علیہم السلام اور ان کے نقشِ قدم پر چلنے والی ہستیوں کی تاریخیں اور سیرتیں ہی کارآمد اور مفید ہوسکتی ہیں۔ اس لئے دنیا کا اپنے تزکیہ اور تکمیل روحانی کے لئے ان برگزیدہ ہستیوں کی سیرتوں کی حفاظت سب سے بڑا اہم فرض ہے۔

بہتر سے بہتر فلسفہ، عمدہ سے عمدہ تعلیم، اچھی سے اچھی ہدایت زندگی نہیں پاسکتی اور کامیاب نہیں ہوسکتی۔ اگر اس کے پیچھے کوئی ایسی شخصیت اس کی حامل اور عامل ہوکر قائم نہیں ہے جو ہماری توجہ، محبت اور عظمت کا مرکز ہو۔ جس جہاز ''کروکودیا'' نامی سے ہم اوائل فروری ۱۹۲۴ء میں حجاز و مصر سے واپس آ رہے تھے۔ اتفاق سے مشہور شاعر ڈاکٹر ٹیگور بھی اسی پر امریکہ کے سفر سے واپس ہو رہے تھے۔ ایک رفیق سفر نے ان سے سوال کیا کہ برہمو سماج کی ناکامی کا سبب کیا ہے؟ حالانکہ اس کے اصول بہت منصفانہ، صلح کل کے تھے۔ اس کی تعلیم تھی کہ سارے مذہب سچے اور کل مذہبوں کے بانی اچھے اور نیک لوگ تھے۔ اس میں عقل اور منطق کے خلاف کوئی چیز نہ تھی، وہ موجودہ تمدن، موجودہ فلسفہ اور موجودہ حالات کو دیکھ کر بنایا گیا تھا۔ تاہم اس نے کامیابی حاصل نہ کی۔ فلسفی شاعر نے جواب میں کتنا اچھا نکتہ بیان کیا کہ ''یہ اس لئے ناکام ہوا کہ اس کے پیچھے کوئی شخصی زندگی اور عملی سیرت نہ تھی جو ہماری توجہ کا مرکز بنتی اور ہماری نیکوکاری کا نمونہ بنتی''۔ اس نکتہ سے ثابت ہوتا ہے کہ مذہب اپنے نبی کی سیرت اور عملی زندگی کے بغیر ناکام ہے۔

غرض ہم کو اپنی ہدایت اور رہنمائی کے لئے معصوم انسانوں، بے گناہ ہستیوں اور ہر حیثیت سے باکمال بزرگوں کی ضرورت ہے اور وہ صرف انبیاء کرام ہی ہیں۔ صلوٰت اللہ علیہم اجمعین۔

☆☆☆

© rasailojaraid.com